شادی کی پہلی دس راتیں

صرف شادی شدہ پڑھیں

کون جیتا کون ہارا

تالیف

حضرت مولانا

عبد الغنی طارق لدھیانوی

فاضل جامعہ اشرفیہ لاہور

رئیس مجلس تحقیقات علمیہ

مہتمم جامعہ حمیرا للبنات

ناشر مکتبۃ الحمیرا
متصل جامعہ حمیرا للبنات علامہ اقبال ٹاؤن رحیم یار خان
فون: 068-5886715 فیکس: 068-5886315

WWW.Allahaq.com

ضابطہ

جملہ حقوق محفوظ ہیں

نام کتاب .... شادی کی پہلی دس راتیں

تالیف .... حضرت مولانا عبدالغنی طارق صاحب لدھیانوی

طباعت باہتمام .... ابوالحماد شبیر احمد فاروقی

تاریخ طباعت .... اپریل 2008ء

تعداد .... 1 ہزار

قیمت ....

Www.Ah[illegible].com

آئینہ کتاب

تقدیم صفحہ نمبر 3

شادی کی پہلی رات صفحہ نمبر 5

شادی کی دوسری رات صفحہ نمبر 10

شادی کی تیسری رات صفحہ نمبر 16

شادی کی چوتھی رات صفحہ نمبر 25

شادی کی پانچویں رات صفحہ نمبر 33

شادی کی چھٹی رات صفحہ نمبر 43

شادی کی ساتویں رات صفحہ نمبر 50

شادی کی آٹھویں رات صفحہ نمبر 56

شادی کی نویں رات صفحہ نمبر 65

شادی کی دسویں رات صفحہ نمبر 70

تقدیم

رب العالمین کی حمد اور رحمت اللعالمین پر درود وسلام کے بعد رب نے خلق پر کرم کرتے ہوئے ہدایت کا سلسلہ حضرت آدم علیہ السلام سے شروع فرما کر سیّد الانبیاء علیہ الصّلوٰۃ والسلام پر ختم فرمایا پھر حضرت پاک کے تربیت یافتہ نجوم ہدایت کے ذریعے امّت کی رہنمائی فرمائی، پھر امّت مسلمہ کو شیطان کے شرور اور نفس کی خواہشات کے ہاتھوں قید ہونے سے قیامت تک محفوظ رکھنے کیلئے آئمہ اربعہ سے شریعت کو مُدوّن کروا کر امت کو ان کی اتباع اور تقلید میں لگا دیا۔ ورنہ ہر کم وناکس از خود قرآن وحدیث پڑھ کر نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ کا مصداق بن کر جہنم کا ایندھن بن جاتا ہے۔ ہر دور میں کچھ لوگ بنتے رہے دور حاضر میں منکرین حدیث جیسے سر سیّد، غلام احمد پرویز، منکرین ختم نبوّت جیسے مرزا غلام احمد قادیانی، منکرین فقہ وفقہاء جیسے غیر مقلّدین منکرین حیاۃُ النّبی صلّی اللہ علیہ وسلّم یعنی مماتی، واشاعتی ٹولہ، تارکین سنت یعنی اہل بدعت (جو عشق رسول کے نام پر بدعات کی اشاعت کر رہے ہیں) بن رہے ہیں۔

یہ رسالہ ایسے ہی سیدھے سادھے مومن اور مومنات کیلئے مرتب کیا ہے امید ہے رب بہت سے لوگوں کو شفاء اور بہت سے لوگوں کو شفاء کامل عطا فرمائیں گے۔

طالب دعاء
محمّد عطاء المنعم
نائب مدیر جامعہ حمیرا للبنات رحیم یار خان۔

شادی کی پہلی رات

سہیل کے والدین نے اپنے بیٹے کی شادی بڑے ارمانوں سے کی چلغوزے کے درخت جیسی طویل اور کبوتری جیسی سفید دلہن بیاہ کر گھر لائے ہر طرف مہمانوں کی گہما گہمی دیواروں پر قمقمے جگ، مگ جگ، مگ کر رہے تھے رنگارنگ کھانوں سے اٹھنے والی خوشبوئیں مہمانوں اور طفیلیوں کی بھوک کو تڑپا رہی تھیں اور کھانے کی رغبت بڑھا رہی تھیں۔

اسی چہل پہل میں رات کے تین بج گئے ولیمہ کو مسنون بنانے کیلئے دلہا دلہن آنکھ چراتے ہوئے سیج والے کمرے میں داخل ہوئے۔

اس سے پہلے کہ مہر سکوت ٹوٹتی بیس سال سے چھپی محبت کا اظہار کرتے، اعضاء مستورۃ کو مکشوفہ اور مکشوفہ کو مدخولہ کرنے کی تیاری کرتے، نیک فطرت کی فطرت جاگی وضوء کر کے دو رکعت تہجد بنت نماز شکر ادا کرنے کو جائے نماز پر کھڑا ہو کر ہاتھ کانوں تک بلند کئے اور ناف کے نیچے باندھ کر تلاوت شروع کی، سلام پھیرا تو نئی نویلی دلہن نے حیرت سے کہا میرے سرتاج آپ نے تہجد پڑھی لیکن رفع الیدین تو کی نہیں اسکے بغیر تو نماز نہیں ہوتی۔

نیک فطرت بولا میں نے تہجد پڑھ لی آپ نے تو پڑھی نہیں، نئی نویلی دلہن نے اپنا علمی رعب قائم کرتے ہوئے کہا سرتاج ہماری کتابوں میں لکھا ہے کہ عشاء کے فرضوں کے بعد ایک رکعت پڑھ لینے سے وتر، تہجد، اور تراویح سب کچھ ادا ہو جاتا ہے۔

سرتاج کیا آپکو علم ہے کہ رفع الیدین کے بغیر نماز نہیں ہوتی؟ نہیں دلہن، مسئلہ تو معلوم نہیں لیکن بات یہ ہے کہ ساری دنیا میں اکثر مسلمان بغیر رفع الیدین کے نماز پڑھتے ہیں کیا وہ سب بے نمازی ہیں؟ جی ہاں سرتاج۔

یہ الفاظ سنتے ہی سہیل کا چہرہ سرخ ہو گیا...... کچھ دیر کیلئے خاموشی چھا گئی...... مہر خاموشی توڑتے ہوئے سہیل نے غصہ سے کہا اسکا مطلب یہ ہے کہ میری اور میرے ماں باپ کی نماز بھی باطل ہے؟

میرے سرتاج حق بات اگرچہ کڑوی ہوتی ہے لیکن کہے بغیر گزارہ نہیں آپ ناراض ہوں یا خوش بات یہی ہے کہ نماز نہیں ہوتی۔

سہیل غصہ سے بات دلیل سے ہوتی ہے ہم حنفی المذہب لوگ ہیں ہم اُصول سے بات کرتے ہیں ہمارے علماء نے اصول حدیث، اصول تفسیر، اصول فقہ پر بے شمار کتابیں لکھی ہیں مثلاً اصول فقہ میں اصول الشاشی نورالانوار وغیرہ۔

پہلے آپ اپنی کوئی اصول کی کتاب بتائیں تاکہ انہی اصولوں کے پیش نظر آپ سے آپکے دعویٰ پر دلیل مانگ سکوں بات کہتے کہتے سہیل غصہ سے رک گیا.......... دلہن انتہائی بے پرواہی سے بولی جناب ہم اصولوں کے لیے کسی کتاب کے محتاج نہیں...... ہمارے اصول تو دیوار دیوار پر لکھے ہوئے ہیں۔ آپ جس راستہ سے گزریں گے ہمارے اصول لکھے ہوئے ملیں گے۔

............جی آپ کے اصول دیواروں پر ملیں گے؟............ دیواروں پر تو سینماء کی فلمی چالنگ یا کاروباری اداروں کی ایڈوٹائز تحریر ہوتی ہے...... سر آپ تو بات کو غلط رُخ پر لے گئے آپ نے پڑھا نہیں جگہ جگہ لکھا ہوتا ہے اہلحدیث کے دو اصول اطیعوا اللہ و اطیعوا

الرسول۔

اس کا مطلب یہ ہوا کہ آپ اہل حدیث ہیں؟ جی سرتاج...... لیکن علماء نے آپکو بدمذہب (برا مذہب) لامذہب (بے مذہب) غیر مقلد (خواہش پرست) لکھا ہے سہیل کہتا چلا گیا...... علماء کو چھوڑیں...... کیا علماء کو چھوڑ کر ہم دین پر عمل کر سکتے ہیں؟ کیوں نہیں...... وہ کیسے؟...... ترجمہ والا قرآن پاک اور ترجمہ والی بخاری لے لیں اور بس کسی عالم کے پاس جانے کی ضرورت نہیں......

اوہو سہیل کے منہ نکلا اب پتہ چلا کہ آپ کونسے اہل حدیث ہو، کیا مطلب؟ دلہن کے منہ سے نکلا...... مطلب یہ ہے اہل حدیث کی ایک قسم وہ ہے جسکو ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں احادیث کا متن، سند، اور انکے راویوں پر سلف کی جرح و تعدیل حفظ ہو...... آپ بتائیں کہ آپکو کتنی لاکھ یا ہزار احادیث محدثین کی شرط پر حفظ یاد ہیں۔

دلہن...... محدثین کی شرط پر مجھے کوئی حدیث یاد نہیں...... اُف...... سہیل کے منہ سے نکلا، اسکا مطلب یہ ہوا کہ آپ دوسری قسم کے اہلحدیثوں سے ہیں، کیا مطلب؟ مطلب یہ ہے شیخ عبدالقادر جیلانیؒ (جو حنبلی المسلک ہیں) اپنی مشہور زمانہ کتاب غنیۃ الطالبین میں فرماتے ہیں کہ شیطان علی الصبح بازار جاتا ہے اور اپنی دُم اپنی دُبر میں لیکر سات انڈے دیتا ہے ہر ایک انڈے سے ایک بچہ نکلتا ہے، ہر ایک علیحدہ نام ہے اور علیحدہ کام ہے...... جو بچہ دوسرے انڈے سے نکلتا ہے اسکا نام ہے حدیث (جسکی تم آل واولاد ہو) اس کا کام ہے نمازیوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالنا (جیسے ابھی آپ نے وسوسہ ڈالا کہ تیری نماز نہیں ہوئی)

دلہن...... اسکا مطلب یہ ہے کہ ہم شیطان کی اولاد ہوئے؟ بالکل...... سہیل

کے منہ سے فوراً نکلا ……

دلہن …… اپنے غصہ پر قابو پاتے ہوئے' موضوع کو تبدیل کرتے ہوئے سرتاج فضول بحث کو چھوڑیں میں قرآن وحدیث سے ثابت کردوں گی کہ رفع الیدین کے بغیر نماز نہیں ہوتی …… اچھا بیگم …… صبح کی اذان ہوچکی …… اس سے پہلے کہ نماز فجر کے بعد آپکا کوئی نیا فتویٰ جاری ہوجائے آپ جلدی سے قرآن پاک سے ثابت کریں کہ رفع الیدین کے بغیر نماز نہیں ہوتی ……

دلہن …… سر کھجلتے ہوئے قرآن میں تو یہ مسلہ کہیں بھی نہیں …… کیوں نہیں؟ قرآن سے اگر میں ثابت کردوں کہ رفع الیدین نماز میں نہیں کرنی چاہیے تو؟

میں مان لوں گی …… لگتا تو نہیں …… شاید آپ کی ہدایت کا وقت آپہنچا ہو …… ۔

پارہ نمبر ۱۸ کی دوسری آیت الذین هم فی صلواتهم خاشعون ۔ پر مفسر صحابہ ابن عم رسول اللہ حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں لا یلتفتون یمیناً ولا شمالاً ولا یرفعون ایدیهم فی الصلواۃ ' (ترجمہ) اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے وہ مؤمن کامیاب ہوگے جو اپنی نمازوں میں خشوع کرتے ہیں ۔ حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں خشوع کا مطلب یہ ہے کہ بندہ نماز میں نہ دائیں دیکھے نہ بائیں اور نہ ہی نماز میں رفع الیدین کرے ۔

لوجی آپ تو اپنے دعویٰ پر دلیل نہ دے سکیں لیکن میں نے قرآن سے دلیل پیش کردی ۔

اب بولو ہماری اہل سنت کی نمازیں درست ہوتی ہیں یا نہیں؟ دلہن …… حواس باختہ حالت میں …… نہیں ہوتی نہیں ہوتی کیونکہ آپ نے صحابی کا قول وفتویٰ پیش کیا ہے ۔

ہمارے مذہب میں صحابہ کے قول حجت نہیں .... کیا .... ؟

کیا ....؟ سہیل کا ہاتھ غصہ سے اٹھتے اٹھتے رک کیا ...... آئندہ ایسی بات زبان سے نکالی تو زبان کھینچ کر کتے کے سامنے ڈالدونگا۔

اس سے پہلے کہ بات آگے بڑھتی سہیل کی امی جان نے دروازے پر دستک دی بیٹا اٹھو نماز پڑھ لو .... سہیل نے دروازہ کھولتے ہوئے امی جان کس بد مذہب سے آپ نے میری شادی کر دی ...... نہیں بیٹا نہیں کتنی خوبصورت گلاب کے پھول جیسی دلہن لا کر دی ہے آپکو لیکن اس پھول پر جنت کی تسنیم کی بجائے جہنم کے ماء حمیم اور جنت کے سلسبیل کے قطروں کی بجائے خچر کے ابوامی کے بول (پیشاب) کے قطرے اس پر پڑ گئے ہیں مجھے تو اس پھول سے عمدہ خوشبو کی توقع نہیں .... اچھا رات کو بات ہوگی اب مجھے نماز کے بعد آفس کی تیاری بھی کرنی ہے۔ .... پھر ولیمہ کیلئے جلد واپس آنا ہے۔

شادی کی دوسری رات

رات کے کھانے پر امی نے کہا بیٹا صبح کس بات پر الجھ گئے تھے...... امی چھوڑیں میں خود بھی سمجھا لونگا...... اگر نہ سمجھی تو پھر ...... یہ کہہ کر سہیل خاموش ہو گیا...... نہیں بیٹا پھر کچھ نہیں ابھی نئی نئی ہے چند دنوں میں اُنس و محبت بڑھ جائیگا تو ایک دوسرے کے مزاج کو سمجھ جاؤ گے۔

کمرے میں داخل ہو کر سہیل گاؤ تکیہ سے سہارا لگاتے ہوئے اچھا تو آپ کے نزدیک اقوال صحابہ حجت نہیں...... نہیں بالکل نہیں...... دیکھیں ہمارے علماء نے بڑی وضاحت سے لکھا ہے۔

1- عُرف الجادی میں ہے...... صحابی کا قول حجت نہیں۔

2- نزل الابرار میں ہے...... صحابی کا اجتہاد حجت نہیں۔

3- التاج المکلل میں ہے...... فعل صحابی حجت نہیں (دیگر کتابوں میں بھی ایسے فتوے موجود ہیں جیسے بدور الاھلہ فتاویٰ نزیریہ وغیرہ...... لیکن قول رسول ﷺ) کو مانتی ہو یا نہیں؟ کیوں نہیں حضور ﷺ کی بات پر جان دینے کو تیار ہوں۔

واہ کیا بات ہے۔ اللہ آپ کا ایمان سلامت رکھے......

حضور ﷺ کے ارشادات ملاحظہ فرمائیں۔

فرمان نمبر 1۔ علیکم بسنتی و سنتی الخلفاء الراشدین (ترمذی)

فرمان نمبر 2۔ فاقتدئو ممن بعدی ابو بکر و عمر (ترمذی 207)

فرمان نمبر 3۔ اصحابی کاالنجوم بایھم اقتدیتم اھتدیتم (مشکوٰۃ)

فرمان نمبر 4۔ کامیاب جماعت وہ ہوگی جو ماانا علیہ و اصحابی کی اتباع کرے (ترمذی ۹۳)

حضرت پاک کے ان ارشادات پر دل و جان سے قربان ہو جاؤ اور حضرت ابن عباسؓ کی تفسیر کو قبول کرتے ہوئے اہل سنت والجماعت کے خلاف اپنا فتویٰ واپس لو اور خود بھی بغیر رفع الیدین کے نماز پڑھا کرو دوسروں کو بھی اس کی دعوت دو......

دلہن...... ہماری علم کی پرواز بہت بلند ہے کیا مطلب...... حدیث رسول کو نہیں مانو گی؟...... کیوں نہیں؟ لیکن ہم اہل حدیث ہر حدیث رسول کو نہیں مانتے انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ہر حدیث رسول نہیں مانتے...... یا اللہ کس طبقہ سے واسطہ پڑ گیا ہے؟

ہم اہل حدیث ہیں اہل حدیث...... سہیل بات کاٹتے ہوئے کہ مجھے تو آپ منکر حدیث لگتی ہیں...... آپ کا مذہب بالکل شیعوں جیسا ہے...... اس پر بعد میں بات ہوگی۔

آپ بتائیں آپ کس قسم کی حدیث مانتی ہیں؟ ہمارے علماء نے لکھا ہے کہ ہم حضور ﷺ کے صرف ان ارشادات کو تسلیم کرتے ہیں جو بذریعہ وحی آپ ارشاد فرمائیں...... اور جو بغیر وحی از خود ارشاد فرمائیں وہ نہیں مانتے......

سہیل...... بیگم سے...... اپنے حافظہ پر زور دیکر یاد کرو...... کل رات آپ نے کیا کہا تھا؟ کیا کہا تھا؟ یاد کریں؟ آپ نے کہا تھا علماء کو چھوڑو...... اب بات بات پر ہمارے علماء نے یہ کہا...... ہمارے علماء نے یہ کہا؟ یہ کیا فضول باتیں ہیں...... فضول

باتیں نہیں بلکہ یہ تو حقیقت ہے کہ ہم علماء کے بغیر ایک قدم بھی نہیں چل سکتے...... لگتا ہے آپکو اپنی سابقہ غلطی کا احساس ہو گیا ہے........ جی بالکل........ میری پہلی بات غلطی پر مبنی تھی...... مجھے اپنی اس غلطی پر شرمندگی بھی ہو رہی ہے میں پہلے اللہ سے پھر آپ سے معافی کی طلب گار ہوں........ نہیں کوئی بات نہیں........ اگر ہم میں سے ہر ایک اپنی غلطی ثابت ہونے پر غلطی کا اقرار کرتا گیا تو ہم بہت جلد ایک صاف ستھری شاہراہ پر پہنچ جائیں گے۔ جو بہت جلد ہمیں منزل مقصود کے قریب کر دے گی........

اس سے قبل کہ ہم اپنے موضوع سخن کی طرف لوٹیں آپ اپنی اس غلطی کا اعتراف بھی کر لیں تو اچھا ہوگا کہ آپ اور آپ علماء ہر حدیث رسول کو نہیں مانتے........ کیونکہ رب تو کہتا ہے وماینطق عن الھویٰ ○ ان ھو الا وحی یوحی -میرے حبیب جب تک وحی نہ آئے بولتا ہی نہیں اس سے معلوم ہوا حضور ﷺ کا ہر ارشاد ماننا چاہیے......

آپ کی باتیں بڑی پر اثر اور دلائل سے مزین ہیں بظاہر تو لگتا ہے آپ نے دینی علوم حاصل نہیں کیے۔ لیکن گفتگو اہل علم سے بھی زیادہ وزنی ہے........

ہمارے سامنے تو کوئی ایک منٹ بھی بات نہیں کر سکتا........ آپ ہیں کہ کل رات سے مجھے لاجواب کیے جا رہے ہیں........ بیگم آپ کی رائے درست ہے میں نے باقاعدہ کسی دارالعلوم سے علم دین تو حاصل نہیں کیا لیکن........ لیکن کیا........ دلہن نے بات کاٹتے ہوئے کہا........ مطلب یہ ہے کہ میرے ایک دوست لوہے کے تاجر ہیں ان کے پاس اٹھنا بیٹھنا رہتا ہے........ کیا آب زر سے لکھنے والی باتیں آپکو ایک لوہا فروش دوست سے مل جاتی ہیں؟........ جی ہاں یہ کوئی تعجب کی بات نہیں داؤد علیہ السلام اللہ کے رسول بھی تھے اور لوہے سے زرہ بھی بناتے قرآن کہتا ہے والنّا له الحدید۔ نیز سید الانبیاء

علیہ الصلواۃ والسلام رسول بھی تھے اور تاجر بھی ....

اس کا مطلب یہ ہوا کہ آپ کا دوست صرف لوہا فروش نہیں بلکہ عالم بھی ہے؟ جی ہاں .... واقعتاً اگر ایسے علماء کے پاس انسان کا آنا جانا رہے تو وہ کبھی گمراہ نہیں ہو سکتا .... اور اسے بلا حصول علم کے علم حاصل ہوتا رہتا ہے .... کیا میں .... کہتے کہتے دلہن خاموش ہوگئی۔

چپ کیوں ہوگئی ہو بات پوری کریں .... سہیل نے محبت بھری نظریں اسکے چہرہ پر ڈالتے ہوئے کہا .... کیا میں ان سے مل سکتی ہوں؟ تا کہ دیگر اشکالات دور کرسکوں

.... آپ کیلیئے میں اور میرا علم کافی ہے۔

اگر ضرورت پڑی .... تو سوچ لیں گے۔

اب مجھے اپنی دوسری غلطی کا بھی احساس ہو رہا ہے کہ قرآن کی صریح آیت کے مقابلہ میں ہمارے اہل حدیث علماء نے جو لکھا ہے غلط لکھا ہے میں اس عقیدہ بد سے اور علماء کے اس غلط فیصلہ سے بری ہوں۔ بہت خوب .... بہت خوب یہ کہتا ہوا سہیل دلہن کے ساتھ صوفہ پر جا بیٹھا .... دلہن نے یہ قربت دیکھی تو اپنی باہیں پھیلا دیں۔ ....

سہیل کا سر دلہن کی گود میں لگنے کو تھا کہ وہ یک دم اٹھ بیٹھا .... کیا ہوا میرے سرتاج؟

ہونا کیا ہے ایک بات رہ گئی اگر اس غلطی کا احساس آپکو ہو جائے تو میرا گمان جو تیرے ایمان کے بارے میں متزلزل ہے بدل جائے گا .... پھر آج کی رات سکون سے گزرے گی .... کیا بات ہے؟ آپکو تو معلوم ہے غلطی کا احساس ہونے پر فوراً میں اپنی غلطی کا اقرار کرلیتی ہوں ....

صحابہ کرام اس امت کی مقدس ہستیاں ہیں اللہ نے قرآن میں ایک جگہ فرمایاo رضی اللہ

عنهم ورضوا عنه ○ دوسری جگہ ارشاد ہے ○ لقد رضی الله عن المئومنین اذیبایعونك تحت الشجرة ○ حضورﷺ کے صحابہ کے بارے میں چار ارشاد ابھی میں سنا چکا .... ان کے علاوہ دیگر ارشادات بھی کتب حدیث میں مروی ہیں۔

ان کے مقابلہ میں آپکے علماء کا انکے قول وفعل کو حجت نہ ماننا سخت بے ادبی ہے بلکہ بہت برا عقیدہ ہے.......... جبکہ آپ کے ایک عالم وحید الزمان نے (جس نے بخاری وغیرہ کا ترجمہ بھی کیا ہے) نزل الابرار کے حاشہ پر لکھا ہے.......... اس سے معلوم ہوا صحابہ میں جو فاسق تھے جیسے ولید بن عقبہ.......... معاویہ، عمرو بن عاص، مغیرہ بن شعبہ، سمرة بن جندب، یہی آپ کا وحید الزمان لغات الحدیث میں حضرت معاویہؓ کے بارے میں لکھتا ہے کہ ان کی نسبت کلمات تعظیم مثلاً حضرت یا رضی اللہ عنہ کہنا سخت دلیری اور بے باکی ہے۔ بخاری کے ترجمہ میں ایک جگہ لکھتے ہیں ابو سفیان زندگی بھر حضورﷺ سے لڑتے رہے انکے فرزند معاویہ بن ابی سفیان نے حضرت علی خلیفہ برحق سے مقابلہ کیا، ہزاروں مسلمانوں کا خون گرایا، قیامت تک اسلام میں جو ضعف آ گیا یہ انہیں (معاویہ) کا طفیل ہے۔

شہنشاہ عالم نے صحابہ سے رضامندی کا اعلان کیا سرکار دو عالمؐ نے انکے اتباع کا حکم دیا، .... انہیں نجوم ہدایت فرمایا.......... لیکن آپکے علماء ان کو فاسق لکھیں، ان کی گستاخی کریں حتی کہ بعض نے حضرت عمرؓ کو بدعتی تک لکھ دیا، یہی کام شیعہ نے کیا تھا کہ صحابہ کو برا بھلا کہا.......... اور لکھا.......... اس دور میں وہی کام آپ لوگ کر رہے ہو.......... کیا آپ کا شجرہ نسب شیعہ سے تو نہیں ملتا؟

جی نہیں.......... دلہن نے فوراً کہا، مجھے ان باتوں کا علم نہ تھا میں ان کے دعویٰ عمل بالحدیث کیوجہ سے ان سے محبت کرتی تھی.......... میری کیا مجال ہے کہ میں

صحابہ کے بارے ایسا غلط عقیدہ رکھو بلکہ جن لوگوں نے صحابہ کے بارے میں ایسی بیہودہ باتیں لکھی ہیں میں انہیں مسلمان ہی نہیں سمجھتی .... یہی لوگ تو ہمارے دین و اسلام کے گواہ ہیں .... اگر کسی مقدمے کے گواہ ہی قابل اعتماد نہ ہوں تو مقدمہ خارج ہو جاتا ہے' اے اللہ مجھے فہم سلیم عطاء فرما .... اب آئے گا مزہ .... سہیل بولا' گفتگو بھی جاری رہے گی اور محبت میں اضافہ .... بھی

دلہن بولی .... لیکن آپ مجھے ہر مسئلہ میں چت نہیں کر سکتے .... وہ کیوں؟ سہیل بولا .... اس لیے کہ میں الہدیٰ انٹرنیشنل کی میڈم کی خاص اور چہیتی شاگردہ ہوں ....

خیر کوئی بات نہیں پہلے آپ شوق پورا کرلیں .... پھر آپ کی میڈم کا شوق بھی پورا کردونگا .... کیا آپ میری میڈم سے بڑے عالم ہیں؟

نہیں بیگم میں تو ایک جاہل لاعلم بندہ ہوں صرف اہل علم کی محبت کا اثر ہے کہ آپکی میڈم جیسی ہزاروں کی بولتی بند کردیتا ہوں .... ناراض نہ ہوں .... اب تھوڑا آرام کرلیں گزشتہ رات بھی نہیں سوئے .... شام کو آفس سے واپسی پر رفع الیدین پر بات ہوگی .... ابھی بات چیت جاری تھی کہ نااہل واپڈا نے بجلی بند کردی جس سے مجلس مزید خاموش ہوگئی ....

شادی کی تیسری رات

سہیل رات دیر سے گھر پہنچے تو............ دلہن نے شکایت کے انداز میں...... اتنی دیر کیوں؟ بس آج .... سہیل نے کہا اور خاموش ہوگیا'' بس آج کا کیا مطلب؟ دلہن نے آنکھیں مسلتے ہوئے پوچھا......

دوستوں کے ہاں دعوت تھی ....دوستوں کے ہاں دعوت تھی؟ جی ہاں' بہت خوب آپ اور آپ کے دوست' شادی کے بعد پہلی دعوت اور وہ بھی بغیر بیگم کے؟

نہیں ایسی بات نہیں............ آپ بھی مدعو تھیں لیکن .... لیکن کیا؟ دلہن نے کہا......... ان کی کڑی شرط اور آپ کے مسلک نے میرے حواس اڑا دیئے......... وہ کیوں؟ ان کا کہنا تھا کہ ہر بندہ اپنے اپنے مسلک کے لباس میں آئے......... پھر کیا ہوا ان کی شرط تو کوئی ایسی نہیں تھی .... ایسی نہیں تھی؟ سہیل نے حیران ہو کر کہا......... تمہارے علماء نے لکھا ہے کہ رانیں چھپانا ضروری نہیں......... اس کا صاف مطلب تھا کہ میں آپ کو چڈی پہن کر چلنے کو کہتا......... کیا آپ تیار ہو جاتیں؟ کبھی نہیں .... دلہن نے کہا اور سر جھکا لیا......... اب سر جھکانے سے کیا ہوتا ہے آپ کا مسلک ہی ناقابل عمل ہے.........

میں علماء کی بات آنکھیں بند کر کے نہیں مانتی کہ جو وہ کہیں مان لوں ہم تو قرآن و

حدیث ماننے والے ہیں خصوصاً بخاری شریف کی احادیث کو............ رفع الیدین کی بحث میں، بخاری شریف کی احادیث کا ڈھیر لگا دوں گی............ اسی لئے تو ہم کسی کے مقلد نہیں ہوتے کہ تقلید میں سوائے شرمندگی کے کچھ نہیں............

تمہاری بخاری نے تو مجھے شرم سار کیا............ وہ کیسے؟ دلہن نے حیران ہو کر پوچھا............ میں نے تمہاری وکالت کرتے ہوئے ان سے کہا قرآن حدیث کی بات کرو اور خصوصاً بخاری شریف کی............ پھر؟ دلہن نے کہا............ سہیل پھر کیا اس وقت زمین میں دھنس جانے کو جی چاہتا تھا جب انہوں نے بخاری شریف کھول کر میرے سامنے رکھ دی امام بخاری نے دو روایتیں نقل کی ہیں ایک رانوں کو چھپانے والی، دوسری نہ چھپانے والی، پھر لکھا ہے رانوں کو نہ چھپانے والی روایت سند کے اعتبار سے قوی ہے۔

اف اللہ، پیشانی پر ہاتھ مارتے ہوئے دلہن نے کہا اور ایک دفعہ پھر سر جھکا لیا............ کچھ دیر بعد سر اٹھاتے ہوئے............ یہ امام بخاری نے کیا لکھ دیا؟ امام بخاری پر طعن سے پہلے اپنے مسلک پر غور کرو جو بات بات پر عامل بالحدیث ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں............ سہیل کہتا چلا گیا............

سہیل............ دلہن نے کہا............ جی بیگم............ مجھے ایسا یاد پڑتا ہے جیسے صحراؤں میں محبوب کے اجڑے ہوئے گھر کے کھنڈرات دیکھ کر محبوب کا گھر اور اس میں بیتی ہوئی یادیں یاد آتی ہیں............ کیا یاد پڑتا ہے آپکو؟ سہیل نے کہا............ یہ کہ فقہاء مجتہدین کی اتباع میں قرآن وحدیث پر عمل کرنا چاہیئے، وہ کہا کرتے تھے کہ سنت قابل عمل ہوتی ہے ہر حدیث قابل عمل نہیں ہوتی............ اسکا صاف مطلب یہ ہوا کہ اہل سنت کا مسلک درست ہے۔ سہیل نے کہا............ میرا ذہن بھی یہی کہہ رہا ہے" دلہن نے کہا............ لیکن میں بخاری شریف کو

کسی صورت نہیں چھوڑ سکتی.......

ٹھیک ہے........ لیکن بخاری پر عمل کون کریگا؟ سہیل نے کہا......... میں عمل کرونگی ......دلہن نے کہا.......سوچ لو ایسا نہ ہو پھر امام بخاری پر طعن و تشنیع پر اتر آؤ .... ایسا نہیں ہوگا امام بخاری امیر المحدثین ہیں ......انکو چھ لاکھ احادیث یاد تھیں .... ابھی پتہ چل جائے گا تمہارا اور تمہارے امام بخاری کا' سہیل نے کہا....... ....اور جیب سے استرا نکال کر فضاء میں لہرایا.........یہ کیا؟ دلہن بولی ....تمہارے امام بخاری نے حدیث نقل کی ہے اذا التقی الختانان کہ مرد عورت دونوں کا ختنہ ہوتا ہے بخاری پر عمل کرتے ہوئے اب آپکو ختنہ کروانا ہوگا؟ کیا؟ کیا؟ منہ دیکھا اپنا جو میرا ختنہ کرو گے آپکا اپنا ہوا ہے؟ دلہن نے غصہ سے کہا'

غصہ تھوک دیں.... سہیل نے کہا یہ مسئلہ کی بات ہے .... میرا ختنہ جب ہوا تھا تو کھال جماعت اسلامی والے لیگے تھے.........ابھی رسید بھی محفوظ ہے........اب آپ کا نمبر ہے کھال آپکی عسکری تنظیم لشکر طیبہ والوں کو دیں گے' ....خدا کیلئے مجھے معاف کردیں.........دلہن نے کہا آئندہ کبھی بخاری کا نام نہیں لونگی، نہیں .....نہیں ....ایک سنت تو زندہ کرنے دو تا کہ مجھے سو شہیدوں کا ثواب ملے.....سرتاج مہربانی کریں..........دلہن نے کہا..........کچھ دیر خاموشی کے بعد.........

آپ موضوع سخن سے ہٹ کیوں رہے ہو..........لگتا ہے اب آپ کو اپنی ناکامی کا اعتراف کرنا پڑیگا.........اس لئے نیا نیا موضوع درمیان میں لے آتے ہو........دلہن کہتی چلی گئی ....

سہیل دلہن سے اب توجہ سے سنو اصول اجتہاد یہ ہے جب مسئلہ کتاب اللہ سے مل جائے تو کسی دوسرے ماٰخذ کی طرف نہیں جاتے .... لیکن آپ اپنا شوق پورا کرلیں،

پیش کریں حدیث جس سے آپ کا مسلک ثابت ہوتا ہو .... ایک حدیث کیا میں چار سو احادیث پیش کرونگی .... آپ حیران رہ جائیں گے .... لیکن پہلے اپنے مسلک کی وضاحت کریں .... آپ کے نزدیک رفع الیدین سنت ہے؟ سہیل نے پوچھا .... جی ہاں،

کیا حضور ﷺ نے رفع الیدین ساری زندگی کیا ہے؟ .... جی ہاں کیا .... جو رفع الیدین نہ کرے اس کی نماز باطل ہے؟ جی ہاں اس سے پہلے کہ میں آپ سے دلیل طلب کروں یہ تو بتلاؤ سنت کسے کہتے ہیں ....

یہ بھی کوئی سوال ہے؟ ہر شخص جانتا ہے جو کام رسول اللہ نے کیا ہے وہ سنت ہے۔ سنت کی یہ تعریف قرآن میں ہے یا حدیث میں؟ .... سہیل نے مسکراتے ہوئے کہا .... پھر اس کا مطلب تو یہ ہوا کہ اذان کہنا سنت نہیں، نماز کیلئے اقامت کہنا بھی سنت نہیں .... کیونکہ یہ کام حضور ﷺ نے نہیں کیئے .... ہاں گیارہ شادیاں کرنا سنت ہے کیونکہ حضور ﷺ نے گیارہ شادیاں کی تھیں .... جبکہ آپ اہل حدیث ہو کر مجھے دوسری شادی کی اجازت دینے کو تیار نہیں .... سہیل کہتا چلا گیا ....

دلہن حیرانگی سے اس کا منہ تکتی رہی اور زبان حال سے کہہ رہی تھی یہ شخص ڈاڑھی منڈا ہے .... لباس بھی اس کا سنت کے مطابق نہیں .... فرض نماز کی بھی کبھی پرواہ نہیں کرتا .... لیکن بات سے بات نکال کر مجھے لاجواب کیئے جا رہا ہے .... سر

جھکائے سوچ میں مصروف ہے کہ اب کہ ایسا حملہ کروں کہ اس کا منہ بند ہو جائے ......

دلہن نے سر اٹھا کر غصہ سے .... نہیں آتی مجھے سنت کی تعریف .... لیکن جس امام کے تم مقلد ہو اس کو صرف سترہ احادیث آتی تھیں .... اور جس امام بخاری کو میں مانتی ہوں ان کو چھ لاکھ احادیث یاد تھیں .... یہ کہتے ہوئے اس کا چہرہ جگمگا اٹھا...... گویا وہ حملہ کرنے میں کامیاب ہو گئی ....

بیگم .... سہیل نے کہا .... تو بھی اپنے علماء کی طرح جھوٹ پر اتر آئی ہو .... ہمیں اس سے کوئی غرض نہیں کہ کس کو چھ لاکھ احادیث یاد تھیں اور کس کو سترہ .... سترہ والے نے ہمیں نماز، روزہ، زکواۃ، حج، کے تمام مسائل بالتفصیل سمجھا دیئے ہیں .... اس لیئے ہم نے ان کی تقلید کر لی ہے .... اور چھ لاکھ والا ایک رکعت نماز کے مسائل بھی نہ بتلا سکا اسلیئے ہم نے اس کی تقلید نہیں کی .... سہیل کہتا چلا گیا ....

دلہن .... کیا بخاری میں نماز کے مسائل نہیں ہیں؟ سہیل .... بالکل نہیں .... اگر ہیں تو بتلائیں ......

1- نماز کی نیت کیسے کرنی ہے؟

2- تکبیر تحریمہ میں امام تکبیر بلند کہتا ہے مقتدی آہستہ، صحیح حدیث لائیں۔

3- اگر امام بھول کر تکبیر آہستہ کہہ دے اسکی نماز درست ہو گی یا نہیں۔

4- اگر مقتدی بھول کر تکبیر تحریمہ بلند کہہ دے نماز ہو گی یا نہیں۔

5- تکبیر کے بعد اگر کوئی شخص اپنے ہاتھ سر پر یا کمر کے پیچھے باندھ لے اس کی نماز ہو گی یا نہیں۔

6- تکبیر کے بعد ثناء اگر کوئی بلند آواز سے پڑھ لے اس کی نماز کا کیا حکم ہے۔

7- اگر کوئی ثناء پڑھنا بھول جائے فوراً قرأت شروع کر دے اس کی نماز کا کیا حکم ہے۔

8- تعوذ و تسمیہ اگر کوئی بلند آواز سے پڑھے اس کی نماز کا کیا حکم ہے۔

9- اگر کوئی تعوذ تسمیہ پڑھنا بھول جائے یا جان بوجھ کر چھوڑ دے اس کی نماز کا کیا حکم ہے۔

10- رکوع کی تسبیحات اگر کوئی بلند آواز سے پڑھ لے تو نماز کا کیا حکم ہے۔

11- سجدہ کی تسبیحات اگر کوئی بلند پڑھے اس کی نماز کا کیا حکم ہے

12- اگر کوئی رکوع وسجدہ کی تسبیحات بھول جائے یا جان بوجھ کر چھوڑ دے اس کی نماز کا کیا حکم ہے......... صاف صحیح غیر متعارض روایات پیش کریں......... ابھی میں نے ایک رکعت کے پورے مسائل بھی نہیں پوچھے......... بقیہ بعد میں

.... امام اعظمؒ پر اعتراض کرتی ہو شرم نہیں آتی

سر معاف کیجئے گا......... مجھے معلوم نہ تھا کہ آپ علم میں اتنا بڑا قدر رکھتے ہیں......... امام بخاریؒ نے ان مسائل کے بارے میں واقعتاً کوئی احادیث نقل نہیں کیں......... پھر؟......... پھر کیا......... دلہن نے کہا آپ آرام کریں......... کل دن میں میڈم سے ملکر آپ کے تمام مسائل کا حل لیکر آؤنگی......... بہت اچھا سہیل نے کہا......... اگر میڈم سے جواب نہ ملیں تو میڈم کو لیتے آنا......... تا کہ اس کا بھی اپریشن ہو جائے وہ آئندہ آپ کی طرح سادہ لوح لڑکیوں کو گمراہ نہ کرے.........

ناشتہ سے فارغ ہوتے ہی سہیل آفس جانے لگا تو دلہن نے کہا اگر وقت ہو تو مجھے الہدیٰ انٹرنیشنل کالج ڈراپ کر دیں......... ٹھیک ہے......... سہیل نے کہا لیکن جواب تسلی

بخش ہونا چاہیئے …… آپ بے فکر رہیں دلہن نے کہا …… اور کار کا دروازہ کھول کر کالج کے گیٹ میں داخل ہوگئی …… میڈم نے ملتے ہی سناؤ کیسے ہیں تمہارے میاں؟ …… ہمارے علم نے کچھ کیا یا نہیں …… آپ نے اس سے اہل حدیث ہونے کی بات نہیں کی؟

میڈم شادی کو تین راتیں ہوگئیں نہ خود سوئے اور نہ مجھے سونے دیا …… میری ہر بات کو منٹوں میں توڑ کر رکھ دیتا ہیں …… اور آج رات یہ سوال کر لیئے ابھی تک دماغ گھوم رہا ہے …… گذشتہ دو راتوں کی کہانی روتے روتے سنائی …… اور وظیفہ زوجیت؟ …… میڈم نے پوچھا …… ان مسائل کا جواب دونگی تو اس طرف کا خیال آئے گا …… بہت برا ہوا آپ کے ساتھ …… میڈم نے کہا …… اب برائے مہربانی ان سوالات کا جواب بخاری سے تلاش کر دیں تا کہ آج رات پھر شرمندگی نہ اٹھانی پڑے …… میں ان کے جواب کہاں سے لاؤں؟ …… میڈم نے غصہ سے کہا۔

کچھ دیر دونوں یوں خاموش رہیں جیسے ان کے منہ کو تالا لگ گیا ہو …… میڈم شرمندگی کے آثار کو چہرہ سے دور کرتے ہوئی بولی لگتا ہے تمہارے میاں کی دوستی ماسٹر امین کے کسی شاگرد سے ہے …… ہو سکتا ہے …… لیکن اس سے کیا فرق پڑتا ہے ……

کیا فرق پڑتا ہے؟ میڈم نے کہا …… تو ابھی بچی ہے …… تجھے کیا معلوم ماسٹر امین کون تھا اور کیا تھا …… وہ حنفی مسلک کا ایک جید عالم اور کامیاب مناظر تھا جس نے ہر باطل کو …… عیسائیت، مرزائیت، بریلویت، مماتیت، جماعت المسلمین، یزیدیت کو تہ تیغ کر دیا تھا …… کسی کی جرأت نہ تھی کہ ان سے گفتگو کرتا …… صرف ہمارے اہل حدیث علماء نے ان سے سو مناظرے کیئے …… سو مناظرے …… جی ہاں …… لیکن ہر مناظرے میں ناکام ہوئے ہمیشہ فاتح و غالب ماسٹر امین ہی رہا۔

یہیں پر بس نہیں ایک وقت وہ آیا جب ہمارا کوئی مناظر اس سے مناظرہ کیلئے تیار نہیں ہوتا تھا........ ہمارے بڑے بڑے مشہور علماء جیسے روپڑی۔ اثری۔ ساجد میر۔ حافظ سعید۔ پروفیسر عبداللہ بہاولپوری جیسے لوگ اس کا نام سن کر شہر چھوڑ جاتے .... میڈم کہتی چلی گئی .... دلہن حیرانگی سے منہ تکتی رہی .... خدا کا کرنا ہوا کہ اس کے دن پورے ہوگئے وہ چل بساء .... سوچا تھا اب سکھ کا سانس لیں گے .... لیکن .... لیکن کیا دلہن نے کہا .... ان کے شاگرد مفتی محمد انور اوکاڑوی .... مولنا منیر احمد منور .... مولنا محمود عالم صفدر اوکاڑوی .... مولنا عبدالغنی طارق .... مولانا محمد الیاس گھمن .... مولنا عبداللہ وڑائچ .... علامہ عبدالغفار ذہبی .... وغیرہ نے ہماری نیندیں حرام کردی ہیں .... ہمارا جینا مشکل کردیا ہے .... ہم اپنے دعویٰ پر دلیل پیش نہیں کرسکتے .... اور ان کی کسی دلیل کا جواب ہمارے پاس نہیں ہے .... پریشانی کے عالم میں میڈم یہ سب کچھ کہتی چلی گئی ....

میڈم .... میڈم .... کافی دیر بعد سر اٹھایا میڈم نے .... جی بیٹا بولو کیا کہتی ہو .... میڈم اس سے بہتر ہے کہ ہم مسلک اہل حدیث چھوڑ کر مسلک اہل سنت قبول کرلیں۔ .... نہیں بیٹا نہیں ایسا کرنے سے ہماری بنی بنائی شان خاک میں مل جائیگی .... اور سعودیہ‘ کویت‘ عرب امارات‘ سے آنے والا سارا چندہ بند ہوجائے گا .... اپنی غلطی کا احساس ہمارے سب علماء کو ہے .... لیکن مسلک کو کیسے چھوڑ دیں ....

فرعون کو بھی احساس ہوا تھا کہ میرا دعویٰ خدائی صحیح نہیں ہے .... اسے پتہ تھا

اگر میں نے اپنے دعویٰ سے رجوع کر لیا تو بادشاہت جاتی رہے گی .... اس لیئے ہم جماعت اہل حدیث نہیں چھوڑ سکتے ....

آپ کو ایک گر بتلاتی ہوں آئندہ اگر دوران گفتگو موقع ملے تو ان کی فقہ کی کتابوں پر اعتراضات کی بوچھاڑ کر دینا .... امید ہے کہ اس سے وہ بدحواس ہو کر لاجواب ہو جائے گا .... بس یہ آخری حربہ ہے .... اپنے دشمن پر غالب آنے کا'

اگر یہ حملہ بھی کارگر نہ ہو تو کہہ دینا ہم اہل حدیث لوگوں کا تم سے نکاح بھی جائز نہیں .... میرے ماں باپ نے بلاتحقیق نکاح کر دیا .... عدالت میں تنسیخ نکاح کا دعویٰ کر کے طلاق لے لینا .... پھر اگر کوئی غیر مقلد لڑکا نہ ملے .... تو کسی عیسائی .... یہودی .... سکھ .... ہندو .... سے شادی کر لینا .... لیکن کسی مقلد سے نہ کرنا .... کیونکہ تقلید شرک ہے اور مقلد گمراہ .... و مشرک ہوتا ہے ....

شادی کی چوتھی رات

سہیل کمرے میں انتظار .... کر رہا تھا .... کہ دلہن منہ لٹکائے آنکھ جھکائے داخل ہوئی .... اور صوفہ کے ایک کنارے گردن جھکا کر بیٹھ گیں .... لگتا ہے کہ آپ کی دال نہیں گلی .... مجھے آج یقین آیا .... کس بات کا ؟ دلہن نے دھیمی آواز میں کہا .... میرا لوہا فروش دوست کہا کرتا تھا کہ ہمارے استاذ کا علم لوہے سے بھی زیادہ مظبوط تھا .... بھلا آپ کے دوست کا استاذ کون تھا .... حضرت مولانا محمد امین صفدر اوکاڑویؒ .... سہیل نے کہا .... یہ سنتے ہی دلہن پر بے ہوشی طاری ہونے لگی .... نہ چاہتے ہوئے اس کی زبان سے نکلا واقعی میڈم ٹھیک کہتی تھیں .... کیا ٹھیک کہتی تھیں ؟ سہیل نے پوچھا .... بس چھوڑو .... بس چھوڑو نہیں .... حقیقت کا اعتراف کرنا .... ایمان اور بردباری کی علامت ہے .... میڈم کہہ رہی تھیں .... کہ مولانا امین نے ہمارے علماء کو ذلیل کر دیا .... ہر میدان میں انکی ناک کاٹ دی .... اب ان کے شاگرد ہمیں ذلیل و رسواء کر رہے ہیں .... ہماری شاگردہ کیا .... ہم خود ان کے سامنے لاجواب ہیں .... سہیل .... دلہن نے کہا .... اب موضوع کی طرف آئیں بخاری میں ہے حضرت ابن عمرؓ فرماتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا جب تکبیر تحریمہ کہتے رفع الیدین کرتے جب رکوع کو جاتے رفع الیدین کرتے جب رکوع سے سر اٹھاتے تو رفع الیدین کرتے .... لو میں نے ایسی کتاب سے حدیث پیش کر دی جو

اصح الکتب بعد کتاب اللہ ہے............ یہ کہتے ہوئے دلہن خوشی سے کھڑی ہو کر سہیل کی طرف فاتحانہ ہاتھ بڑھاتے ہوئے بولی........ آپ بھی رفع الیدین نہ کرنے کی ایسی حدیث لائیں............ ابھی دودھ کا دودھ پانی کا پانی ہو جائے گا............ لگتا ہے آپ خاندانی غیر مقلد ہو.......... سہیل بولا.......... کیونکہ جھوٹ پر جھوٹ بولنا ان کی فطرت خبیثہ ہے.............. میں نے جھوٹ بولا ہے؟ دلہن نے کہا........ جی ہاں بخاری کا اصح الکتب بعد کتاب اللہ قرآن میں ہے یا حدیث میں؟

یا صرف ابن صلاح کی تقلید کر کے مشرک بن رہی ہو.......... جب کہ ابن صلاح کا امام .... امام شافعیؒ موطاء............ امام مالک کو اصلح الکتب فرما رہے ہیں.........علماء احناف کی کسی اصول حدیث کی کتاب میں بخاری کو اصلح الکتب بعد کتاب اللہ نہیں لکھا.......... اگر دیکھا دیں تو دس لاکھ انعام..........

پھر اس سے آپ کا دعویٰ بھی ثابت نہیں کیونکہ اس حدیث میں نہ تو رفع الیدین کو سنت کہا گیا.......... نہ یہ کہ حضور ﷺ نے موت تک کی.......... اور نہ ہی یہ ہے کہ جو نہ کرے اس کی نماز باطل ہے........

اور مسلم کی روایت سن .... سہیل بولا.......... حضرت جابر بن سمرہؓ ....فرماتے ہیں کہ ہم نماز میں تھے حضور ﷺ تشریف لائے اور فرمایا.......... مالی اراکم رافعی ایدیکم کانھا اذ ناب خیل شمس اسکنوافی الصلواۃ .... یہ نماز میں گھوڑوں کی دم کی طرح ہاتھ نہ ہلایا کرو.......... سکون واطمینان سے نماز پڑھو........

میں نے قرآن و حدیث دونوں سے.......... ترک رفع الیدین ثابت کر دیا ....آپ ابھی اپنے دعویٰ پر دعویٰ کے مطابق کوئی دلیل پیش نہ کر سکیں .... آپ کو

۳۹۹ ...... احادیث معاف صرف ایک لائیں دعویٰ کے مطابق ہو ...... سنداً صحیح ہو ...... سہیل کہتا چلا گیا ...... ادھر دلہن حیرت زدہ غم و پریشانی میں ...... اپنی انگلی دانتوں میں دبائے اس سے بے خبر کہ اس کی انگلی سے خون بہہ رہا ہے ...... سہیل کی ایک ہی سانس میں لمبی تقریر سن کر پیشانی سے ...... پسینہ صاف کرتے ہوئے بولی ...... میں بخاری پیش کروں ...... اور آپ بخاری چھوڑ کر اور کتابوں کی روایات پیش کر رہے ہو ...... ہم اہل حدیث بخاری کو سب سے مقدم مانتے ہیں ...... اس میں اگر کوئی روایت مل جائے تو دوسری کتابوں کی روایت کے مقابلہ میں اس کو بالکل ...... نہیں چھوڑتے ...... دلہن نے یہ مختصر تقریر کی اور پھر خاموش ہوگئی ...... لگتا ہے کہ آپ نے تقلید کر کے پکی مشرکہ بننے کا ارادہ کر لیا ہے ...... سہیل نے کہا ...... کیا بخاری مقدم ہے یہ اصول قرآن میں یا حدیث میں؟ اگر کہیں نہیں تو یہ اصول آپ نے خود گھڑا ہے ...... کیا کبھی خود بھی اس اصول پر عمل کیا ہے؟ کیوں نہیں ...... دلہن جلدی سے بولی ...... اچھا سن ...... سہیل بولا ......

1- بخاری میں ہے حضور ﷺ نے کھڑے ہو کر پیشاب کیا: ...... آپ نے یا آپ کی ماں نے کبھی عمل کیا؟

2- بخاری میں اونٹوں کے پیشاب پینے کا حکم ہے ...... آپ اور آپ کے والدین ...... بہن ...... بھائی ...... ہم مسلک روزانہ ناشتہ میں ...... کتنے گلاس پیشاب پیتے ہو؟

3- بخاری میں ہے ران ستر نہیں آپ اور آپ کی سہیلیاں کتنی مرتبہ چڈی ...... یا سکسی انڈر ویر پہن کر بازار ...... کالج ...... مسجد میں نماز جمعہ ...... عید

گاہ میں .... عید پڑھنے گئی ہو؟

4- بخاری میں ہے کہ دو ہاتھ سے مصافحہ کرنا چاہیئے ایک ہاتھ کی روایت نہیں آخر آپ لوگ اس پر عمل کیوں نہیں کرتے۔

5- بخاری میں ہے آمین دعاء ہے .... دعاء آہستہ کرنے کا حکم قرآن میں ہے آپ لوگ اس کے خلاف کیوں کرتے ہو؟

(الخط) الحدیث

امام بخاری [illegible]

6- اگر بخاری [illegible] ہے الفقہ ثمرۃ الاحادیث .... فقہ حدیث کا ثمرہ ہے .... آپ فقہ کو کیوں نہیں مانتے؟

7- بخاری میں جوتے پہن کر نماز پڑھنے کی روایت ہے آپ لوگ اس پر کیوں عامل نہیں؟

دلہن نے اٹھ کر سہیل کے منہ پر ہاتھ رکھ دیا .... کہا بس کرو .... اف خدایا کیا یہ سب بخاری میں ہے؟

ہاں ہاں .... یہ سب بخاری میں ہے .... اور سن

8- بخاری میں وطی فی الدبر کا ذکر ہے .... کیا آپ کو اس کی عادت ہے؟ .... یا غیر مقلد اس پر عمل کرتے ہیں .... سرتاج بس کریں .... سمجھ گئی ہوں .... ہم نے بخاری کو مقدم کر کے بہت بڑی غلطی کی .... جسکا خمیازہ آج مجھے بھگتنا پڑ رہا ہے

9- بخاری میں تین طلاق کو تین کہا گیا ہے حالانکہ آپ اس کو نہیں مانتی؟

خدا برباد کرے میڈم کو .... جس نے یہ باتیں سادہ لوح لڑکیوں کو یاد نہیں .... یہ ساری باتیں اور حوالے جب میڈم کے سامنے آئیں گے .... تو

لہ سر......... دلہن نے کہا .... ادھر بخاری پر اعتراض کرتے ہو .... ادھر بخاری کو بخاری شریف بھی کہتے ہو .... ارے پاگل سن .... میں بخاری پر اعتراض نہیں کر رہا .... تمہاری عقل خام پر اعتراض کر رہا ہوں .... ورنہ بخاری تو شریف ہی ہے .... اور امام بخاری بھی .... وہ امام المحدثین ہیں .... ان کے زمانہ میں کوئی محدث ان کے درجہ کو نہ پہنچ سکا۔

وہ بھی چکرا جائیگی.......... اور امام بخاری کو گلی سڑی سنائے گی.......... اور عین ممکن ہے.. مسلک اہل حدیث.......... چھوڑ دے..........

مشکل ہے بہت مشکل ہے.......... سہیل بولا.......... اگر چھوڑ بھی دے گی تو قادیانی بن جائیگی.......... پہلے بھی بہت سے اہل حدیث قادیانی بن گئے ہیں.......... بلکہ خود مرزا قادیانی (جھوٹا نبی) پہلے اہل حدیث تھا.......... نماز میں آپ کی طرح رفع الیدین بھی کیا کرتا تھا.......... ادھر ادھر کی باتیں چھوڑیں اگر میں آپ کے مطالبہ کے مطابق حدیث پیش کردوں تو؟.......... دلہن نے کہا.......... میں عمل شروع کر دونگا، سہیل نے کہا.......... سنن بیہقی میں روایت ہے.......... عن ابن عمران رسول اللہ ﷺ کان اذاافتتح الصلواة رفع يديه واذا ركع واذارفع راء سه من الركوع وكان لايفعل ذالك في السجود فماذالت تلك صلاته حتى لقى الله تعالىٰ .... کہ آپ ﷺ رفع الیدین کرتے رہے تا آنکہ موت آ گئی اپنے رب سے جا ملے.......... تو آپ کا مطالبہ پورا ہوگیا.......... اب اعلان کرو کہ آج کے بعد رفع الیدین کیا کرونگا.......... واہ کتنی خوش ہو رہی ہو.......... سہیل بولا.......... آپکو اپنا دعویٰ بھی یاد نہیں رہا؟..........

کیا اس حدیث میں یہ ہے کہ رفع الیدین سنت ہے؟ نہیں.......... کیا اس میں ہے کہ جو رفع الیدین نہ کرے اس کی نماز باطل ہے؟ نہیں.......... پھر آپ نے میرا مطالبہ کیسے پورا کر دیا.......... دیکھیں سرتاج اس میں ہے نا کہ حضور ﷺ نے موت تک رفع الیدین کی.......... سہیل بولا.......... آپ کو معلوم ہے کہ یہ روایت موضوع، بناوٹی جھوٹی ہے؟ .... نہیں جناب.......... میڈم کہتی تھیں کہ ہمارے پاس یہ ایسی روایت ہے کہ اس کا کوئی

جواب نمبر ۱

1- اس حدیث میں دوراوی وضاع اور کذاب ہیں (۱) عبدالرحمٰن بن قریش ذہبی میزان میں اور ابن حجر لسان میں لکھتے ہیں...... انهم السليماني بوضع الحديث

محدث سلیمانی نے اس راوی کو حدیثیں گھڑنے کے ساتھ متہم کیا ہے۔

2- دوسرا راوی عصمة بن محمد الانصاری ہے...... ذہبی نے میزان میں ابن حجر نے لسان میں لکھا ہے...... ابوحاتم کہتے ہیں یہ قوی نہیں...... یحیٰ کہتے ہیں یہ جھوٹا ہے...... عقیلی کہتے ہیں یہ ثقہ کی طرف باطل روایات منسوب کرتا ہے...... دارقطنی کہتے ہیں یہ متروک ہے...... ابن عدی کہتے ہیں اس کی تمام روایات غیر محفوظ ہیں...... دیکھ لی روایت؟ سہیل طنزیہ انداز میں بولا.........

دوسری بات یہ ہے کہ خود حضرت ابن عمرؓ سے مسند حمیدی جلد دو صفحہ ۲۷۷ وصحیح ابوعوانہ جلد ۲ صفحہ ۹۰ پر ہے کہ حضور ﷺ رکوع کو جاتے ہوئے اور رکوع سے اٹھتے ہوئے رفع الیدین نہیں کرتے تھے.........

3- پھر اس حدیث کے راوی ابن عمرؓ ہیں.......... وہ خود اس پر عمل نہیں کرتے تھے.........ان کے شاگرد......... حضرت مجاہد اور عبدالعزیز بن حکیم کہتے ہیں کہ ابن عمر پہلی تکبیر کے علاوہ رفع الیدین نہیں کرتے تھے.......... طحاوی جلد ۱، صفحہ ۱۵۵، ابن ابی شیبة جلد ۱، صفحہ ۲۳۷ موطاء امام محمد صفحہ ۹۰ .... اس سے معلوم ہوا کہ یہ روایت منسوخ ہے.......... ورنہ حضرت ابن عمرؓ کبھی اس پر عمل ترک نہ کرتے.......... اچھا آپ میرا مطالبہ پورا کردیں...... دلہن بولی ... ... میں

رفع الیدین چھوڑ دونگی .... ایک ایسی صحیح حدیث لائیں جس میں حضورﷺ کا رفع الیدین نہ کرنا ثابت ہو .... اب بنی بات لو سنو .... امام ترمذیؒ نے اپنی جامع میں روایت نقل کی ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے اپنے شاگردوں سے فرمایا .... میں تمہیں **حضور** پاکؐ والی نماز .... پڑھ کر دیکھاؤں؟ .... پھر انہوں نے نماز پڑھ کر .... دیکھائی .... انہوں نے صرف پہلی مرتبہ (تکبیر تحریمہ کے وقت) رفع الیدین کیا (پھر نہیں کیا) صحابہ کرام کو برا کہنے والو .... سہیل نے غصہ سے کہا .... غور سے سن یہ روایت ساٹھ سندوں سے مروی ہے گویا میں نے آپ کے سامنے ساٹھ حدیثیں بیک وقت .... پیش کردی ہیں .... جبکہ علامتہ عبدالغفار ذھبی ۔ نے اس عنوان کی 700 سات صد روایات جمع کی ہیں .... اگر کسی کے مقدر میں ہدایت نہ ہو تو سات ہزار بھی کارآمد نہ ہوں گی .... اللہ اکبر .... دلہن کے منہ سے نکلا .... آپ کی دلیل تو بڑی صاف ہے .... پھر ساٹھ سندوں سے مروی ہونا .... اس کے قوت کی دلیل ہے ......

اب مجھے چاہیئے کہ حدیث کو مانتے ہوئے رفع الیدین ترک کردوں .... لیکن .... لیکن کیا؟ .... سہیل نے کہا کیا حدیث دیکھ لینے کے بعد بھی .... گنجائش تو نہیں .... دلہن نے کہا .... اور میرے پاس اس کا جواب بھی نہیں .... پھر بھی آج اپنی میڈم سے رابطہ کروں گی .... وہ اس حدیث کے بارے ... . کیا کہتی ہیں .... بظاہر لگتا تو نہیں کہ وہ کوئی جواب دے .... یہ کہتے ہوئے دلہن کی آنکھیں جھک گئیں ....

لیکن پھر بھی اطمینان تو ہو جائے گا...... سہیل بولا میرے ماں باپ نے شادی کس مقصد کیلئے کی تھی آپ نے بحث مباحثہ شروع کر دیا ہے...... نہیں ابھی نہیں دلہن نے کہا...... ہمارے علماء کے فتویٰ کے مطابق میرا نکاح آپ سے جائز نہیں ہوا...... یہ بحث کسی نتیجہ پر پہنچ جائے تو میں اپنا مسلک چھوڑ دوں گی...... پھر پھر کیا؟ سہیل غصہ سے بولا...... پھر تجدید نکاح کر لیں گے...... دلہن نے کہا...... اور فوراً صوفہ سے اٹھ گئی...... سر ابھی ناشتہ لاتی ہوں...... سہیل زبان حال سے کہہ رہا تھا...... خدانخواستہ اگر یہ بحث مہینوں طویل ہو گئی...... تو مجھے شادی کا کیا فائدہ......

اس سے بہتر ہے کہ فوراً ایک دوسری شادی کر لوں...... تا کہ غض بصر اور حفاظت فرج ہو جائے...... پھر اگر اس کی قسمت میں ہدایت ہوئی...... تو دوسری شادی کر لوں گا...... قرآن کا پسندیدہ حکم بھی پورا...... ہو جائے گا...... ماطاب لکم من النساء مثنیٰ...... وگرنہ...... اسی نئی پر اکتفاء کرتے ہوئے...... باپ دادا کی سنت تو زندہ ہو ہی جائے گی...... ان کی بھی ایک ہی تھی...... سر ناشتہ لگ گیا...... دلہن نے کہا...... بہت اچھا......

شادی کی پانچویں رات

رات کے کھانے سے فارغ ہو کر سہیل کمرے میں داخل ہوا.......... تو دلہن نے کھڑے ہو کر استقبال کیا.............. چہرہ خوشی سے چمک رہا تھا.......... خیر تو ہے؟ سہیل بولا......... سر آپ کی دلیل کا ضعف سن کر.............. سر جس کتاب سے آپ نے دلیل پیش کی ہے.......... اسی میں اس کا ضعف بھی لکھا ہے؟ اچھا؟ ترمذی میں کیا لکھا ہے؟....... سر امام بخاریؒ کے استاذ حضرت عبداللہ بن مبارکؒ نے اس روایت کے بارے میں فرمایا.......... لم یثبت .... یہ حدیث ثابت نہیں.......... جانتی ہو ابن المبارک کون ہیں؟ نہیں دلہن بولی.......... سر تاج محدثین سید الفقہاء حضرت امام اعظم ابو حنیفہؒ کے شاگرد اور ان کے مقلد تھے.......... روایت کے صحیح یا ضعیف ہونے کا مدار اس کی سند پر ہوتا ہے اس حدیث کے تمام راوی صحیحین کے ہیں.......... تمام راوی بخاری مسلم کے ہیں؟ دلہن بولی.......... جی ہاں سہیل نے کہا.......... پھر ابن مبارک نے لم یثبت کیوں فرمایا؟ دلہن بولی.......... آپ پہلے سند کے راویوں کے حالات سن لیں.......... پھر بھی اگر تسلی نہ ہو........ تو لم یثبت کا مطلب سمجھا دوں گا..........

بہت خوب

بتائیں اس کا پہلا راوی کون ہے؟ سہیل نے پوچھا.......... مجھے کیا خبر.......... ہمیں تو اپنی دلیل کے راوی بھی معلوم نہیں ہوتے صرف طوطے کی طرح رٹی رٹائیں چند باتیں

.... یاد ہوتی ہیں .... میں بتلاتا ہوں .... اس حدیث کا پہلا راوی

1- امام ترمذی ہیں .... معروف محدث ہیں ...... امام بخاری کے شاگرد بھی ہیں اور استاذ بھی۔

2- دوسرا راوی ھناد ہے تقریب، تہذیب، تذکرہ میں لکھا ہے الامام۔ الحافظ۔ ثقہ۔ صدوق۔ قتیبہ کہتے ہیں کہ امام وکیع سب سے زیادہ ان کی تعظیم کیا کرتے تھے .... امام احمد فرماتے ہیں ھناد کو لازم پکڑو .... امام بخاری نے باب فی خلق افعال العباد میں اور امام مسلم نے .... جلد ایک صفحہ ۲۹۱۔ ۲۱۷۔ ۳۸۸۵۔ میں ان سے روایت لی ہیں۔

3- تیسرے راوی وکیع بن جراح ہیں، ان کو .... الحافظ، ثقہ۔ حافظ۔ عابد۔ کان احفظ۔ وقال احمد مارائیت مثل وکیع فی الحفظ والاسناد، کان امام المسلمین، کان افقہ، اثبت فی العراق، و قال ابن معین مارائیت احفظ منہ، کان ثقہ ماموناً عالیاً رفیع القدر، کثیر الحدیث، حجۃ، ان القاب سے محدثین نے ان کی تعریفیں کی ہیں امام ابو حنیفہؒ کے شاگرد ہیں، تہذیب، طبقات الحفاظ للسیوطی .... امام بخاری .... اور امام مسلم نے ان کی روایات لی ہیں،

4- چوتھے راوی .... سفیان ثوری ہیں .... ان کو محدثین نے .... الامام، شیخ الاسلام، سید الحفاظ، وقال وکیع سفیان بحراً، وقال القطان سفیان فوق مالک فی کل شیء، قال ابن مبارک لا اعلم علی وجہ الارض اعلم من سفیان، قال ابن حجر ثقہ، حافظ، فقیہ، عابد، حجۃ،

امیر المومنین فی الحدیث۔ (تذکرۃ، تقریب) امام بخاری وامام مسلم دونوں نے ان سے روایات لی ہیں،

5- پانچویں راوی ہیں .... عاصم بن کلیب .... ان کو محدثین نے ثقہ، مامون صدوق لا باس کا نا افضل اہل الکوفۃ کہا ہے۔ (تہذیب، تقریب) امام بخاری کتاب اللباس .... باب لبس القسی کے ترجمۃ الباب میں ان سے روایت لائے ہیں .... امام مسلم بہت سی جگھوں پر .... ان سے روایات لائے ہیں ....

6- چھٹے راوی ہیں .... عبدالرحمن بن اسود ھیں .... ان کو محدثین نے .... الفقیۃ .... ثقہ، من خیار الناس، ابن حبان نے، ابن شاھین نے، امام عجلی نے انکو ثقات میں ذکر کیا ہے۔ (تہذیب، تقریب) امام بخاری وامام مسلم نے ان سے روایات لی ہیں،

7- ساتویں راوی علقمۃ بن قیس ہیں .... یہ حضور ﷺ کے زمانہ میں پیدا ہوئے، محدثین نے انکو .... ثقہ، ثبت، فقیہ، عابد، لکھا ہے (تہذیب، تقریب) .... امام بخاری ومسلم نے ان سے روایات لی ہیں،

8- آٹھویں راوی حضرت عبداللہ بن مسعودؓ ہیں جو صرف صحابی نہیں، بلکہ صحابہ میں سب سے بڑے .... فقیۃ تھے .... کیوں بیگم کیسا رہا .... کیا خیال ہے .... سند کے تمام راوی بخاری مسلم کے ہیں یا نہیں .... کیا ابن مبارک کے اعتراض کی کوئی حقیقت ہے؟ یا ختم ہوگئی؟ .... اطمینان ہوا یا نہیں؟ بحث کسی نتیجہ پر پہنچی یا نہیں؟ اب باطل مسلک چھوڑو گی یا نہیں .... تجدید نکاح کا ارادہ ہے یا

نہیں میں دوسری شادی کرلوں؟

دلہن پسینہ صاف کرتے ہوئے......اللہ کی قسم اب تو بات واضح ہوگی......حق و باطل نکھر گیا......غیر مقلدین کے جھوٹ کا بول کھل گیا......مگر آپ نے سنا میں نے آج زندگی میں پہلی دفعہ......اہل حدیثوں کو......غیر مقلد کہا......یہ تو کوئی نئی بات نہیں......کیونکہ وہی ہیں غیر مقلد......لیکن آپ کا کہنا......لگتا ہے کہ آپ کی ہدایت کا......وقت آ پہنچا......سہیل نے اس کی بات کاٹتے ہوئے کہا......سرتاج لگتا نہیں بلکہ یقیناً میری ہدایت کا وقت آ گیا......

سب سے پہلے میں اپنے رب سے......معافی مانگتی ہوں......پھر آپ سے......اور اعلان کرتی ہوں......میں نے......باطل مذہب چھوڑ کر مسلک حق اہلسنت والجماعت قبول کیا......

غیر مقلدین کے جھوٹے مذہب پر ایک کھرب مرتبہ لعنت بھیجتی ہوں......

اس سے قبل کے تجدید نکاح کیلئے ہم کسی کو بلوائیں......اس بات کا مزید اطمینان کرنا چاہتی ہوں......کہ جب سند اتنی عمدہ ہے......تو ابن مبارکؒ نے لم یثبت کیوں کہا۔

سہیل مسکراتے ہوئے بولا......کیونکہ اسے اب شادی کے فوائد پورے......ہوتے ہوئے نظر آرہے تھے......حضرت ابن مبارکؒ کی یہ جرح مبہم ہے جو اصول حدیث کی رو سے مردود ہے......(الکفایہ، مقدمۃ ابن صلاح شرح نخبہ)

کیا آپ نے اس پر غور نہیں کیا کہ امام ترمذی نے اس حدیث کو حسن کہا گویا

انہوں نے ابن مبارک کے قول کو رد کر دیا ……… بیگم اس پر آپ نے غور کیا ……… کہ کسی کے صرف لم یثبت کہنے سے اگر حدیث نا قابل عمل ہوتی تو اسی جامع ترمذی ……… باب ماجاء ان الامام ضامن ……… میں علی بن المدینی ……… فرماتے ہیں ……… قال لم یثبت حدیث ابی صالح ……… جس طرح یہاں علی بن المدینی کی لم یثبت بلا دلیل وغیر مقبول ہے ……… اسی طرح اس حدیث میں ابن مبارک کا لم یثبت بلا دلیل مقبول نہیں۔

واہ کیا بات ہے ……… علم اسے کہتے ہیں ……… دلہن کے منہ سے بے ساختہ نکلا ………

ابھی بس نہیں ……… سہیل بولا ……… جب یہ حدیث حضرت ابن مبارکؒ کو صحیح سند سے نہیں پہنچی تھی ……… تو انہوں نے یہ جملہ فرمایا تھا ……… جس کو امام ترمذی نے نقل کیا ……… پھر اس کو رد بھی کیا ……… لیکن جب ابن مبارک کوفہ تشریف لائے ……… سفیان ثوری کی مجلس حدیث میں بیٹھے اور یہ حدیث صحیح سند سے سنی ……… تو واپس وطن جا کر ……… اس کو خود اپنی سند سے بیان کیا ……… کیا ابن مبارک نے اس کو اپنی سند سے بیان کیا؟ دلہن بولی ……… جی ہاں ……… سہیل نے کہا ……… امام نسائی نے سنن نسائی میں اس روایت کو نقل کیا ہے ……… خدا برباد کرے غیر مقلدین کو جو جھوٹ پر جھوٹ بول کر لوگوں کو ……… گمراہ کرتے ہیں ……… دلہن نے غصہ سے کہا ………

بس کریں سرتاج ……… انکے سب چھپے راز آپ نے فاش کر دیئے ……… اگر میری اور آپ کی ساری گفتگو ……… لوگوں کے سامنے آجائے ……… تو ہزاروں لوگ ……… ہدایت پر آجائیں ……… یا اللہ میرے والدین اور میرے خاندان کے

باقی لوگوں کو بھی ہدایت عطاء فرما.......... یہ کہتے ہوئے دلہن کی آنکھوں سے آنسوں ٹپ ٹپ گرنے لگے..........

اب.....اب..... دلہن نے کہا اور خاموش ہوگئی.....اب کیا رہ گیا؟ سہیل نے کہا.....کچھ نہیں سر.....اب تجدید نکاح کیلئے کسی عالم کو بلوائیں.....واہ میری قسمت.........سہیل نے بات کاٹتے ہوئے کہا.........بیگم کس کو بلوائیں؟..........

سر اپنے دوست کو.........وہ جو میرا لوہا فروش دوست ہے؟.........جی ہاں.........دلہن نے کہا.........لیکن آئندہ اسے ایسا مت کہیئے گا..........

آپ کو کیا پتہ.........کیا مطلب؟.........سہیل نے کہا.........مطلب یہ ہے آپ کا دوست بہت بڑا عالم فاضل ہے.........اور جس کا وہ شاگرد ہے.........غیر مقلدین بھی اندرون گھاتہ اسکے علم کا اعتراف کرتے تھے اور کرتے ہیں.........ان کے مقابلہ کی سکت نہیں رکھتے تھے.........اس لیئے آئندہ ادب سے نام لیا کرو.........اگر آپکو ان کی صحبت نصیب نہ ہوتی تو.........شاید ہمارے راستے آج جدا جدا ہوتے.........بالکل صحیح کہا.....سہیل بولا"

بیگم.........لو مولانا تشریف لے آئے.........حضرت تشریف رکھیئے.........دلہن نے کہا.........تجدید نکاح کے بعد مجلس برخواست ہوگئی.........رات کے دو بج رہے تھے.........دلہن اس فکر میں تھی.........کہ آج کی اداء اور سابقہ راتوں کی قضاء ہوجائے.........تاکہ سرتاج کو تاخیر قرب کی شکایت نہ رہے..........

سہیل اس فکر میں تھا.........کہ حضور ﷺ کی امت میں اضافہ کیسے ہو..........

دونوں اپنے اپنے فکر کی تکمیل کرنا چاہتے تھے.........کہ نااہل واپڈا نے بجلی بند

کر دی .... ادھر وہ وقت آ پہنچا تھا کہ جس میں اعضاء مستورہ کو مکشوفہ .... اور مکشوفہ کو مدخولہ کیا جائے .... لائٹ کے بند ہونے سے ان کا یہ کام .... اور بھی آسان ہو گیا' ایک طریقہ آزمانے کے بعد سہیل نے رخ بدلنے کو کہا .... تاکہ پٹھانوں کی .... یاد تازہ ہو جائے .... ادھر سے آواز آئی گناہ ہوتا ہے .... بخاری پر عمل کرنے سے گناہ ہوتا ہے؟ .... سہیل بولا .... کیا یہ بخاری میں ہے؟ .... دلہن بولی .... جی ہاں .... سہیل نے کہا .... جناب چھوڑیں .... جب میں اس مسلک کو چھوڑ چکی ہوں .... تو اس کے مسئلے مجھ پر .... کیوں مسلط کئے جا رہے ہیں ....

چلیں پھر رفع رجلین والا طریقہ آزمائیں .... سہیل نے کہا .... کیا اس مزیدار فعل کے کئی طریقے ہیں؟ دلہن نے پوچھا ....

آپ نے ابن تیمیہ کا نام نہیں سنا؟ سہیل بولا .... سنا ہے .... وہ تو بڑے درجہ کے عالم ہیں .... ان کو شیخ الاسلام کہا جاتا ہے .... غیر مقلد لوگ ان کو اپنا امام و پیشواء مانتے ہیں .... دلہن کہتی چلی گئی .... سنو .... تمہارے شیخ الاسلام نے .... جمہور سے .... الگ راہیں اختیار کر لی تھیں .... وہ اہل سنت سے کٹ کر رہ گئے .... بہت سے لوگوں نے ان کو اہل سنت سے خارج قرار دیا ....

بحث پھر شروع ہو گئی .... مقصد رہ جائیگا .... صرف چند باتیں ان کی سناتا ہوں۔

1- تمام اہل سنت کا اتفاق ہے' اجماع ہے کہ تین طلاقیں تین ہی ہوتی

ہیں .... لیکن ابن تیمیہ انکار کر چکے ہیں .... اس مسئلہ میں انہوں نے .... یہود اور شیعہ کی تقلید کی ہے .... اس زمانہ میں غیر مقلدین نے .... یہود .... اور شیعہ کی تقلید کی ہے۔

2- جمہور اہل سنت کا اتفاق ہے انبیاء و صحابہ کے وسیلہ سے دعاء مانگنا جائز ہے .... لیکن ابن تیمیہ نے انکار کیا ہے۔

3- حضور ﷺ کے روضہ اقدس کی نیت سے سفر کرنا جمہور اہل سنت کے نزدیک جائز بلکہ مستحسن عمل ہے .... لیکن ابن تیمیہ اس کو ناجائز کہتے ہیں۔

4- لفظ "اللہ اللہ" سے ذکر کرنا اہل سنت کے نزدیک جائز ہے .... ابن تیمیہ نے اس کا انکار کیا اسے ناجائز لکھا ....

5- اہل سنت کا عقیدہ ہے سہیل کہتا چلا گیا .... دلہن حیرت سے .... جناب یہ انکشافات تو پہلی دفعہ ہوئے ہیں .... ایسے عقائد غلط عقائد تو غیر مقلدین کے بھی نہیں تھے .... کیوں نہیں؟ سہیل نے بات کاٹتے ہوئے کہا .... لیکن وہ ہر ایک کو بتلاتے نہیں .... تاکہ لوگ ان کی جماعت سے متنفر نہ ہو جائیں ....

سہیل نے کہا .... کیا آپ انکے شاگرد خاص علامہ ابن قیم کو جانتی ہیں؟ .... جی ہاں وہ بہت بڑے پایہ کے عالم تھے .... ان کی بے شمار تصانیف ہیں .... ابن تیمیہ کے شاگردوں میں .... ان کے برابر کوئی نہیں ہوا .... یہی ابن قیم .... اپنے استاذ کی بلا فیس وکالت .... کرتے ہوئے ان کے تمام غلط عقائد کو دلائل سے ثابت کرنے کی .... ناکام کوشش کرتے رہے

لیکن کامیاب نہیں ہوئے ....

